نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فصل کی بہتر نگہداشت کے لئے شفارشات جاری کر دیں

لاہور:26دسمبر2022( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کپاس، مکئی اور کماد کے بعد وریال زمینوں میں گندم کی فصل کو پہلا پانی شگوفے نکلتے وقت یعنی بوائی کے 20 تا25 دن بعد کریں اور دھان کے بعد کاشتہ فصل کو35 تا45 دن بعد آبپاشی کریں اور پچھیتی کاشت کے بعد پہلا پانی بوائی کے 25 تا30 دن بعد لگائیں۔گندم کو بقایا نائٹروجن پہلے اور دوسرے پانی کے ساتھ برابر اقساط میں استعمال کریں جبکہ ریتلے علاقوں میں تین برابر اقساط میں ڈالیں۔گندم کی جڑی بوٹیوں کی تلفی از حد ضروری ہے کیونکہ یہ گندم کی پیداوار میں 42 فیصد کمی کر سکتی ہیں۔آبپاش علاقوں میں چوڑے پتوں اور نوکیلے پتوں والی جڑی بوٹیوں کی تلفی کیلئے محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورے سے جڑی بوٹی مار زہروں کا سپرے کریں۔سپرے کے دوران کسی بھی دوہری جگہ سپرے نہ کریں اور نہ کوئی خالی جگہ رہے۔تیز ہوا، دھند یا بارش والے دن سپرے نہ کیا جائے اور جڑی بوٹی مار زہروں کے سپرے کیلئے 100 تا120 لٹر پانی فی ایکڑ استعمال کریں۔معیاری سپرے کیلئے مخصوص نوزل فلیٹ فین یا ٹی جیٹ نوزل کا استعمال کریں۔کاشتکار زہر کے چھڑکاؤ کے بعد گوڈی یا بار ہیرو کے استعمال سے پرہیز کریں۔کاشتکار سپرے کے دوران کاشتکار ماسک اور ہاتھوں میں دستانے ضرور پہنیں اور ہوا کے مخالف رُخ سپرے نہ کریں۔کاشتکار تمام کاشتی اُمور محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سرانجام دیں۔

☆☆☆☆